شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

13دسمبر2024ء

پریس ریلیز

امارتِ اسلامیہ افغانستان کے اہم حکومتی ذمہ دار پر خودکش حملہ خطہ میں امن وامان کو تاراج کرنے کی ایک سازش ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): امارتِ اسلامیہ افغانستان کے اہم حکومتی ذمہ دار پر خودکش حملہ خطہ میں امن وامان کو تاراج کرنے کی ایک سازش ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ ہم امارتِ اسلامیہ افغانستان کے وزیرِ مہاجرین، جلال الدین حقانی کے بھائی اور امریکہ کے خلاف افغان جہاد کے مجاہد خلیل الرحمٰن حقانی پر کابل میں خودکش حملہ کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ خلیل الرحمٰن حقانی کی شہادت پوری اُمتِ مسلمہ کے لیے بہت بڑا نقصان ہے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔اللہ تعالیٰ اُن کی شہادت کو قبول فرمائے۔ شہید خلیل الرحمٰن حقانی حکومتِ پاکستان اور ٹی ٹی پی کے مابین مذاکرات میں کلیدی کردار ادا کر رہے تھے۔ دہشت گردی کے اس اندوہناک واقعہ جس میں خلیل الرحمٰن حقانی کے متعدد ساتھی بھی شہید ہوگئے،اُس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ دشمن کی پوری کوشش ہے کہ خطہ میں امن وامان قائم نہ ہو پائے اور پاک افغان معاملات کو حل ہونے سے روکا جائے۔ شام کی صورتِ حال پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم نے کہا کہ ظالم اسد خاندان کے 53 سالہ اقتدار کے خاتمہ کے بعد ناجائز صیہونی ریاست اسرائیل نے جس سرعت کے ساتھ گولان کی پہاڑیوں اور شام کے دیگر علاقوں پر خوف ناک بمباری کی ہے اور شام کے بعض اہم علاقوں پر قبضہ کر لیا ہے اُس سے صاف ظاہر ہورہا ہے کہ وہ گریٹر اسرائیل کے مذموم منصوبے کو تیزی سے آگے بڑھا رہا ہے۔ان حالات میں مسلمان ممالک کا فرض بنتا ہے کہ وہ آپس کے اختلافات کو ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوں تاکہ دشمن کی ریشہ دوانیوں کا منہ توڑ جواب دیا جاسکے۔آخر میں امیر تنظیم نے تمام شہداء کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا فرمائی۔اللہ تعالیٰ دنیا بھر کے مسلمانوں کو اپنے حفظ وایمان میں رکھے۔دشمنوں کے ناپاک منصوبوں کو خاک میں ملائے اور دنیا بھر کے مجاہدینِ اسلام کو کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔آمین!

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان